حیرت انگیز اسلامی معلومات (ترجمہ الوسائل الی معرفۃ الاوائل)

مصنف : علامہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ۔ مترجم : مولانا مفتی نور محمد صاحب چاٹگامی

ضخامت : ۲۰۰ صفحات۔ قیمت :۔ /۹۰ روپے۔ ناشر : درخواستی کتب خانہ 'علامہ بنوری ٹاؤن کراچی نمبر ۵

حیرت انگیز اسلامی معلومات حافظ علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی مشہور کتاب الوسائل الی معرفۃ الاوائل کا اردو ترجمہ ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے اس کتاب میں علم و معلومات کا اس موضوع پر کہ کونسی چیز یا کونسا کام سب سے پہلے ہوا؟ کس نے کیا اور کیسے ہوا؟ دلچسپ اور عجیب مجموعہ مرتب فرمایا تھا۔ کتاب کی افادیت کے پیش نظر جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے فاضل مولانا مفتی نور محمد صاحب نے اس دلچسپ مجموعہ معلومات کا اردو دان حضرات کیلئے عربی سے سلیس اردو ترجمہ کر دیا ہے۔ یہ کتاب علمی نوادرات کے ساتھ ساتھ فقہی مسائل کا بھی ایک ذخیرہ ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ علامہؒ نے اس کو فقہی ابواب پر مرتب کیا ہے۔ زیر نظر کتاب نہ صرف علماء و طلباء کیلئے مفید ہے بلکہ عوام الناس کیلئے بھی ایک انمول تحفہ ہے۔ اس دلچسپ مجموع کو درخواستی کتب خانہ نے دیدہ زیب طباعت کے ساتھ شائع کر کے عظیم خدمت سرانجام دی ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کی اس محنت و کاوش کو قبول فرمائے۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تعلیم و تعلم اور دعوت اسلامی کے اصول و آداب۔ مرتب : مولانا نصیب الرحمٰن علوی صاحب

ضخامت : ۱۹۲ صفحات۔ قیمت :۔ /۸۰ روپے۔ ناشر : زم زم پبلشرز۔ نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

آنحضرت ﷺ کو پیغمبر رشد و ہدایت اور معلم انسانیت بنا کر مبعوث فرمایا گیا۔ حدیث پاک کہ بعثت معلماً اسی طرح دوسری حدیث ہے کہ بعثت لاتمم مکارم الاخلاق۔ یعنی مجھے معلم بنا کر مبعوث کیا گیا اور مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا۔ پیش نظر کتاب "تعلیم و تعلم اور دعوت کے اسلامی اصول و آداب" میں تعلیم و تعلم اور دعوت و تبلیغ کے اسلامی اصول و آداب کتاب اللہ اسوہ رسول اکرم ﷺ اور اسلاف کے زندہ جاوید آثار واقعات کی روشنی میں مؤثر ترتیب سہل و سادہ زبان عام فہم تشریحات اور بصرت افروز دلائل کے ساتھ نمبر وار ترتیب دیئے گئے ہیں۔ کتاب کی تقریظ میں ہمارے مخدوم مفتی نظام الدین صاحب شامزئی مدظلہ